SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release

November 1, 2017

For immediate release

ایس ای سی پی کی بیمہ کمپنیوں کو انٹی منی لانڈرنگ کی ہدایات پر موثر عمل درآمد کی ہدایت

اسلام آباد (یکم نومبر) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے بیمہ کمپنیوں کو انٹی منی لانڈرنگ ست متعلقہ ہدایات کو موثر طور پر نافذ کرنے کی ہدایایت جاری کئں ہیں۔ ایس ای سی پی کے انشورنس ڈیپارٹمنٹ نے بیمہ کمپنیوں کے ذریعے منی لانڈرنگ کی روک تھام کے لئے 2012 میں جاری کی گئیں تفصیلی گائیڈلائن پر عمل درآمد کا جائزہ لیا۔

ایس ای سی پی کی جانب سے سال 2012 میں جاری ہونے والے سرکلر SRO 20(I)/2012 میں بیمہ کمپنیوں کو منی لانڈرنگ کی روک تھام کے لئے لائحہ عمل ترتیب دینے اور موثر اقدامات کرنے کی ہدایت کی گئی تھی۔ سرکلر میں کمپنیوں کو ہدایت کی گئی تھی کہ اپنے صارف کو پہچاننے کی پالیسی ترتیب دیں اور بیمہ پالیسی حاصل کرنے والوں کی مکمل جانچ پڑتال کریں اور اس حوالے سے اپنے ملازمین کی تربیت کا بھی انتظام کریں۔ اس کے علاوہ انٹی منی لانڈرنگ کے انتظامات کا آڈٹ کروانے کا بھی طریقہ کار متعین کرنے کی ہدایت کی گئی۔

بعدازاں ایس ای سی پی کی جانب سے رواں سال اپریل میں جاری کئے گئے سرکلر میں تمام لائف انشورنس کمپنیوں کو ہدایت کی گئی کہ ایسے تمام افراد کی معلومات ایس ای سی پی کو فراہم کریں جن کا سالانہ پرئمیم پچاس لاکھ روپے یا اس سے زائد ہو۔

ایس ای سی پی کی ٹیم کی جانب سے مختلف بیمہ کمپنیوں میں انٹی منی لانڈرنگ کی گائیڈلائن پر عمل درآمد کے جائزہ کی مشق میں کئی کمپنیوں میں ان پر عمل درآمد کے نظام مین کوتاہیاں دیکھی گئیں اور مشاہدہ میں آیا کہ کئی لائف انشورنس کمپنیاں ان گائیڈلائن پر مکمل طور پر عمل نہیں کر رہیں۔ ایسی انشورنس کمپنیوں کو تنبیہ کردی گئی ہے اور سختی سے ہدایت کی گئی ہے کہ انٹی منی لانڈرنگ گائیڈ لائن پر مکمل عمل درآمد کی رپورٹ ایس ای سی پی کو 31 دسمبر تک جمع کروائیں۔